سوال

جمعہ کے فرضوں کے بعد کی رکعات

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جمعہ کے دو فرضوں کے بعد چار رکعت ہیں یا دو رکعت سنت ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جمعہ کے بعد دو رکعت پڑھنے کی حدیث صحیح ہے اور چار رکعت پڑھنے کی حدیث صحیح مسلم میں موجود ہے ۔ آپ ﷺ نے فرمایا :

«مَنْ كَانَ مِنْكُمْ مُصَلِّيًا بَعْدَ الْجُمُعَةِ فَلْيُصَلِّ أَرْبَعًا»

''جو کوئی تم میں جمعہ کے بعد نماز پڑھے وہ چار رکعت پڑھے'' (اس حدیث سے معلوم ہوا کہ امتی جمعہ کے فرضوں کے بعد کم از کم چار رکعات پڑھے گا) شرح معانی الآثار میں چھ رکعت والی حدیث بھی موجود ہے اس لیے جمعہ کے بعد دو رکعت ، چار رکعت اور چھ رکعت پڑھنی تینوں صورتیں درست ہیں ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

نماز کا بیان ج1ص245